روزنامہ
# الفضل
CPL 61
PH: 0092 4524 213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
ہفتہ 10- جون 2000ء - 6 ربیع الاول 1421 ہجری - 10- احسان 1379 ہش جلد 50-85 نمبر 130

## منتخب بندہ الٰہی بننے کی دعا

یمن کے وفد عبدالقیس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا اے اللہ ہمیں اپنے چنیدہ بندوں میں سے بنا دے جن کی پیشانیاں روشن اور چمکدار ہوں اور ایسے وفد میں شامل کر جو مقبول ہو۔ انہوں نے حضورؐ سے اس دعا کا مطلب پوچھا تو فرمایا۔ منتخب لوگوں سے مراد خدا کے نیک اور صالح بندے ہیں۔ روشن پیشانیوں والے وہ ہیں جن کے اعضاء وضو کی وجہ سے چمکدار ہوں گے اور مقبول وفد والے اس امت کے وہ لوگ ہیں جو اپنے نبی کے ساتھ خدا کے دوبار میں حاضر ہوں گے۔

(مسند احمد. مسند المکیین. حدیث نمبر 15003)

## 10 جون 82ء۔ ایک نئے دور کا آغاز اور عہد کی تجدید

# تجدید بیعت کا فلسفہ اور اس کی روح پاک تبدیلی ہے

### ہم اپنے دلوں سے گناہوں کے چراغ بجھا کر تقویٰ کے چراغ روشن کرتے ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے اپنے پہلے خطبہ جمعہ 11 جون 82ء میں ریزولیوشنز کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا

باوجود اس کے کہ ہمارا ہر قول سچا ہوتا ہے پھر بھی ریزولیوشنز کا یہ رنگ ایک ظاہری سا رنگ ہے اور جماعت احمدیہ کی شان اس سے زیادہ کا تقاضا کرتی ہے۔ ہمیں ریزولیوشنز کچھ اور رنگ کے کرنے چاہئیں اور وہ اس قسم کے ہونے چاہئیں کہ **اے جانے والے!** ہم تیری نیک یادوں کو زندہ رکھیں گے۔ ان تمام نیک کاموں کو پوری وفا کے ساتھ یا پوری ہمت کے ساتھ خدا تعالیٰ سے توفیق مانگتے ہوئے چلاتے رہیں گے اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک ان کاموں میں حسن کے رنگ بھرنے کے لئے استعمال کریں گے جو رضائے باری تعالیٰ کی خاطر تو نے جاری کئے تھے۔ اور اگر اس دنیا میں تیری روح ان کی تکمیل کے نظاروں سے تسکین نہیں پاسکی تو اے ہمارے جانے والے آقا! اس دنیا میں تیری روح ان کی تکمیل کے نظاروں سے تسکین پائے گی۔ ہم تجھ سے یہ عہد کرتے ہیں۔ یعنی تیری یاد سے یہ عہد کرتے ہیں اور اصل عہد تو ہمارا اپنے رب سے ہے اور وہی زندہ حقیقت ہے انسان کی کوئی حقیقت نہیں۔ پس اگر ریزولیوشنز ہوں تو اس عہد کے ساتھ ہوں۔ اور آنے والے کے ساتھ بھی آپ ریزولیوشنز کے ذریعہ اظہار وفاداری کریں۔ وہ اس طرح کہ کہیں

**اے آنے والے!** ہم اپنے دلوں سے معصیت اور گناہوں کے چراغ بجھاتے ہیں اور تقویٰ کے چراغ روشن کرتے ہیں اور تجھے اس دل میں اترنے کی دعوت دیتے ہیں جس دل میں اللہ کے تقویٰ کی مشعلیں روشن ہو رہی ہیں اور ہم تجھ سے یہ عہد کرتے ہیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ قیام شریعت کی کوشش میں جو اللہ کے فضل کے سوا حاصل نہیں ہو سکتی، دعائیں کرتے ہوئے ہم تیری مدد کریں گے۔ کیونکہ کوئی ایک ذات اس عظیم الشان کام کا حق ادا نہیں کر سکتی۔ ہم ایک وجود کی طرح ایک ایسے وجود کی طرح کہ خلافت اور جماعت الگ الگ نہ رہیں 'ایک دھڑکتے ہوئے دل کی طرح 'ایک ہاتھ کی طرح اٹھتے اور گرتے ہوئے ایک قدم کی طرح بڑھتے ہوئے ہم تمام نیک کاموں میں تیرے ساتھ تعاون کریں گے اور کوشش کریں گے کہ جگہ جگہ خدا کی عبادت کے معیار بلند ہو جائیں (بیوت الذکر) پہلے سے زیادہ آباد نظر آنے لگیں۔ اللہ کی یاد سے دل زیادہ روشن اور پرنور ہو جائیں۔ جھگڑے اور فساد مٹ جائیں اور ان کا کوئی نشان باقی نہ رہے۔ ایک کامل اخوت اور محبت کا وہ نظارہ نظر آئے جو اس دنیا کی جنت کہلا سکتی ہے اور وہ قائم ہونے کے بعد حقیقت میں اگلی دنیا کی جنت کی خوابیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ حضرت مسیح موعود کے پیغام کو جاری وساری رکھیں 'زندہ رکھیں۔ جو کمزوریاں پیدا ہو چکی ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ اور کوشش کریں گے کہ ایسی نیکیاں عطا ہوں کہ ہر روز ہم نئے پھل پانے والے ہوں نیکیوں کے۔ (۔) جب دل ان ریزولیوشنز سے گزریں گے تو ایک پاک تبدیلی پیدا ہو گی۔ ایک نیکی کی لہر دوڑے گی۔ اور حقیقت یہ ہے کہ تجدید بیعت کا مطلب ہی یہی ہے اور یہی اس کی روح اور اس کا فلسفہ ہے۔

(الفضل 22 جون 82ء)

## حصول محبت الٰہی کا ذریعہ۔

## بیوت الحمد منصوبہ

○ قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں بیواؤں اور بے سہارا لوگوں کی حاجات کو پورا کرنے اور ان کی ضروریات کے مطابق زندگی کی بہتر سہولتیں مہیا کرنے کو خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ اس مقصد عالی تک پہنچنے کا بہترین زینہ ہے۔ اس منصوبہ کے تحت بیوگان اور بے سہارا لوگوں کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولت سے آراستہ بیوت الحمد کالونی ربوہ میں 85 ضرورت مند خاندان آباد ہو کر اس منصوبہ کی برکات سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ ابھی اس کالونی کی تکمیل میں دس کوارٹر بننا باقی ہیں۔ اسی طرح تقریباً چار صد مستحقین احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کے لئے لاکھوں روپے کی امداد دی جاچکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔

احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں پورے مکان کے اخراجات (جو آج اندازاً 5 لاکھ روپے ہے) سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش کرنا پسند فرمائیں۔ مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

امید ہے آپ اس کار خیر میں اپنی استطاعت کے مطابق حصہ لے کر خدا تعالیٰ کے پیار کو جذب کرکے ثواب دارین حاصل کریں گے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(سیکرٹری بیوت الحمد سوسائٹی)

☆☆☆☆☆☆

## خصوصی درخواست دعا

○ احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ہر شر سے بچائے۔

☆☆☆☆☆☆

هر لمحه و هر آن خدا حافظ و ناصر

عبدالسمیع خان

# خلافتِ رابعہ۔ ترقیات و فتوحات

## 1993ء تا 1999ء

خلافت رابعہ کے پہلے دس سال کی ترقیات وفتوحات کا ایک جائزہ الفضل 10 جون 99ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اب 93ء تا 99ء کی ترقیات کا جائزہ پیش خدمت ہے۔ یہ صرف وہ خبریں ہیں جو جماعتی اخبارات ورسائل میں شائع ہو چکی ہیں اور ایک بہت بڑا حصہ ہے جو تحریری ریکارڈ میں نہیں آیا۔

## 1993ء

### عالمی امن کے لئے مساعی

عالمی امن کے لئے حضور نے یکم جنوری 1993ء کو "تحریک بہبود انسانیت" کا اعلان کیا اور فرمایا۔ "انسانیت کے بلند معیار قائم کرنے اور نفرتیں دور کرنے کے لئے حکومتیں آپس میں معاہدے کریں۔ دنیا کے ہر مذہب کے سربراہ کی عزت کے لئے ممالک قانون سازی کریں۔" اسی طرح آپ نے "میثاق مدینہ" کو دنیا میں رائج کرنے کی تحریک کی۔

### سیاست دانوں کو قیمتی مشورہ

8۔ جنوری 1993ء کو حضور نے برصغیر کے سیاست دانوں کو سیاست کی اصلاح کرنے اور مذہبی اصولوں کو اپنانے کی تحریک فرمائی۔

### اتحاد عالم اسلامی کے لئے تحریک

22 جنوری 1993ء کو حضور نے اتحاد عالم اسلامی کی پرزور تحریک کی اور فرمایا کہ دنیا بھر کے مسلمان ممالک سیاسی سطح پر اکٹھے ہو جائیں۔

### بوسنیا کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ اظہاریک جہتی

حضور نے 19۔ فروری 1993ء کو اپنے خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو تحریک کی کہ ساری جماعت مستعدی سے اپنے مظلوم بوسنین بھائیوں کی مدد کرے۔ ان مظالم کی عالمی سطح پر تشہیر کرے اور ستم رسیدہ خاندانوں کے ساتھ "مؤاخات" کا رشتہ قائم کریں۔

### ریسرچ ٹیمیں تشکیل دینے کی ہدایت

14۔ مارچ 1993ء کو حضور نے مختلف مذاہب کے بارہ میں تحقیق کے لئے ریسرچ ٹیمیں بنانے کی ہدایت فرمائی۔

### ویڈیو فلموں کے لئے لائبریری کے لئے تحریک

مارچ 1993ء میں حضور نے قدرت کے نظاروں پر مبنی فلموں کے بنانے اور ان کی لائبریریاں قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور جماعت کو اس پر کام کرنے کی تحریک کی۔

### عربی زبان کو رواج دینے کی تحریک

2۔ جولائی 1993ء کو حضور نے جماعت کی ذیلی تنظیموں کو عربی سکھانے کے لئے منصوبہ بندی کے تحت کام کرنے اور اسے رواج دینے کی تحریک فرمائی۔

### پہلی عالمی بیعت

31۔ جولائی 1993ء کو دو لاکھ سے زائد افراد ڈش انٹینا کے ذریعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ حضور نے پہلے تین ماہ ان افراد کی تعلیم و تربیت پر صرف کرنے کی ہدایت فرمائی۔

### ایک انگریزی جریدہ کے لئے مالی تحریک

جلسہ سالانہ برطانیہ 1993ء کے موقع پر حضور نے "ریویو آف ریلیجنز" کی اشاعت 10 ہزار تک کرنے کے لئے مالی تحریک کی۔ یہ رسالہ حضرت اقدس مسیح موعود کے دور میں چھپنا شروع ہوا تھا۔

### امریکہ کے اجتماعات

جولائی، اگست 1993ء میں امریکہ کے تین مختلف شہروں میں احمدی خواتین کے نیشنل اجتماعات منعقد ہوئے جن میں 29 مجالس کی 580 ممبرز اور ناصرات نے شمولیت کی۔ اس سال ان اجتماعات کا موضوع "دین حق۔ اتحاد کا پیغام" تھا۔

### نومبائعین کی تربیت کی تحریک

حضور نے اپنے 17۔ ستمبر 1993ء کے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا کہ اللہ کی نصرت کی ہوائیں اب جھکڑ میں تبدیل ہو رہی ہیں اس لئے نومبائعین کی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔

### لجنہ ہال ربوہ کی تکمیل

20۔ ستمبر 1993ء کو لجنہ ہال ربوہ کے نو تعمیر شدہ ہال کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔

### ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل کا اجراء

22۔ جولائی 1993ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے لندن سے ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل کے اجراء کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں فرمایا:۔

"جماعت احمدیہ عالمگیر کو الفضل کا یہ نیا دور مبارک ہو" اس اخبار کے اجراء کے لئے حضور نے مکرم چوہدری رشید احمد صاحب کی صدارت میں ایک کمیٹی قائم فرمائی۔ چوہدری صاحب اس اخبار کے پہلے مدیر اعلیٰ تھے۔ 7۔ جنوری 1994ء کو اس اخبار کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

### پردہ کی روح کو قائم رکھنے کی ہدایت

3۔ دسمبر 1993ء کو حضور نے خواتین کے پردہ کی روح کو قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے یہ ہدایت فرمائی۔ "شادیوں کی تقریب میں عورتوں کو کھانا کھلانے کی خدمت لجنہ کے ذریعہ عورتوں کو ادا کرنی چاہئے"

## 1994ء

### ایم ٹی اے کا باقاعدہ افتتاح

7۔ جنوری 1994ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے "احمدیہ ٹیلی ویژن" کی نشریات کا باقاعدہ افتتاح فرمایا۔ آپ نے اس بارہ میں تفصیلی ہدایات دیں۔

### نومبائعین کے لئے تربیت گاہیں

اگست 1994ء میں حضور نے نومبائعین کے لئے ایسی تربیت گاہیں قائم کرنے کی تلقین فرمائی جو سارا سال ان کی تربیت کر سکیں۔

### اہل روانڈا کی امداد کی تحریک

22۔ جولائی 1994ء کو حضور نے احباب جماعت کو روانڈا (افریقہ) کے باشندوں کی مالی امداد کرنے کی تحریک فرمائی۔

### دوسری عالمی بیعت

31۔ جولائی 1994ء کو جماعت احمدیہ برطانیہ کے 29 ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر دوسری عالمی بیعت منعقد ہوئی۔ اس میں 93 ممالک کی 155 قوموں کے 120 زبانیں بولنے والے 4

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

لاکھ 18 ہزار 206 افراد نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دست مبارک پر جدید ترین مواصلاتی رابطہ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں شمولیت کی۔

## جماعت جرمنی کو نصیحت

26۔ اگست 94ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ناصر باغ گروس گراؤ (جرمنی) میں خطبہ جمعہ کے دوران احباب جماعت کو تلقین کی کہ وہ اچھی باتوں کی طرف بلانے اور بری باتوں سے روکنے کو اپنی روز مرہ کی زندگی کا شیوہ بنا لیں۔ آپ نے فرمایا کہ جس نصیحت میں عجز، انکساری محبت اور دل کا گہرا جذبہ نہ ہو وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتی۔

## سال کے آخری ایام

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 23۔ دسمبر 1994ء کو احباب کو نصیحت فرمائی کہ وہ سال کے آخری ایام دعاؤں اور استغفار میں گزاریں۔

## 1995ء

## اپنی اولاد پر نظر رکھنے کی تلقین

حضور نے 6۔ جنوری 1995ء کو یورپ اور دیگر مغربی ممالک کی جماعتوں کو تلقین فرمائی کہ وہ اپنی اولاد پر گہری نظر رکھیں۔ جب وہ کمانے کے قابل بنیں تو پہلے ہفتے کی آمد بیت الذکر کو دیا کریں۔

## جاپان کا زلزلہ اور دعا کی تحریک

فروری 1995ء میں حضور نے جاپان میں آنے والے زلزلے پر دعا کی تحریک فرمائی نیز ارشاد فرمایا "دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ جاپان کا حالیہ زلزلہ ان کو اندرونی طور پر جگانے کا سبب بنے" اس موقعہ پر جماعت جاپان نے غیر معمولی خدمت سرانجام دی۔

## جلسہ سالانہ جماعتہائے احمدیہ برطانیہ

جماعتہائے احمدیہ برطانیہ کا سالانہ جلسہ جولائی 1995ء میں "اسلام آباد" میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر "ڈش" کے ذریعہ عالمی بیعت میں 96 ممالک کی 162 قوموں کے 120 زبانیں بولنے والے 8'45'294 افراد حضرت خلیفۃ المسیح کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ جولائی 1995ء تک 148 ممالک میں جماعت احمدیہ کا قیام عمل میں آچکا تھا۔ 52 زبانوں میں کلام الٰہی کے تراجم مکمل ہو چکے تھے 10 افریقی ممالک میں 30 ہسپتال اور 28 ڈاکٹر کام کر رہے تھے۔ نیز دنیا بھر میں 525 دعوت الی اللہ کے مراکز اور 821 مرکزی مربیان و معلمین کام کر رہے تھے۔ اس جلسہ سالانہ میں حضرت صاحب کا خطاب اور دیگر پروگرام روزانہ 4 براعظموں میں ٹیلی کاسٹ کئے گئے جو کہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے۔

## قادیان میں 104واں جلسہ سالانہ

26 تا 28 دسمبر 1995ء کو جماعتہائے احمدیہ بھارت نے مرکز احمدیت قادیان میں اپنا 104 واں جلسہ سالانہ منعقد کیا۔ اس جلسہ سالانہ کی برکتوں کو سمیٹنے کے لئے بھارت سمیت 23 ممالک کے نمائندگان قادیان پہنچے۔ یہ جلسہ ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔

## 1996ء

## ایم ٹی اے کی 24 گھنٹے کی نشریات

یکم اپریل 1996ء سے ایم ٹی اے کی نشریات 24 گھنٹے کے لئے شروع ہو گئیں۔ اس موقع پر حضرت صاحب نے ایک ایمان افروز خطاب فرمایا۔

## "اسلامی اصول کی فلاسفی" کی سوویں سالگرہ

حضرت صاحب نے 1996ء کے سال کو "اسلامی اصول کی فلاسفی" کی سو سالہ سالگرہ کے طور پر منانے کی ہدایت فرمائی تھی چنانچہ اس سال میں اس کے حوالے سے تاریخی معلومات کا ایک قیمتی ذخیرہ اکٹھا ہو کر منظر عام پر آگیا۔

## گیمبیا کا جلسہ سالانہ

جماعت احمدیہ گیمبیا کا اکیسواں جلسہ سالانہ 14-13-12 اپریل 1996ء کو گریٹ بانجل (Great-Banjul) میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں ہمسایہ ملک سینی گال سے ایک وفد نے بھی شرکت کی اس وفد میں 7 ممبران پارلیمنٹ شامل تھے۔

## یوگنڈا میں جلسہ سالانہ

جماعت احمدیہ یوگنڈا کا جلسہ سالانہ 24'25 اور 26۔ مئی 1996ء کو کمپالا میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر ایک خصوصی مارچ پاسٹ کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں ایک ہزار سے زائد احمدی احباب نے شہر کی معروف ترین سڑکوں پر خوبصورت بینرز لے کر شرکت کی۔

## جماعت احمدیہ ہالینڈ کا جلسہ سالانہ

31۔ مئی تا 2۔ جون 1996ء کو جماعت احمدیہ ہالینڈ کا 17واں جلسہ سالانہ منعقد ہوا اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بنفس نفیس شریک ہوئے۔

## جماعت ہائے احمدیہ کینیڈا کا جلسہ سالانہ

21-22-23 جون کو ٹورانٹو میں جماعت کا 20واں جلسہ سالانہ منعقد ہوا۔ حضور نے جلسہ میں تینوں دن اہم خطابات فرمائے۔

## جماعت ہائے احمدیہ جرمنی کا 21واں جلسہ سالانہ

23۔ 24 اور 25۔ اگست 1996ء کو جماعت احمدیہ جرمنی کا 21 واں جلسہ سالانہ "من ہائم" جرمنی میں منعقد ہوا۔ حاضرین کی تعداد 20 ہزار رہی۔ حضرت صاحب بنفس نفیس اس جلسہ میں شریک ہوئے اور تینوں دن اپنے خطابات سے نوازا۔ آپ نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ جرمنی بیک وقت دس پندرہ بڑی بڑی زبانوں میں جلسے منعقد کرے اور پھر ایک ایسا جلسہ ہو جو ان سب پر محیط ہو۔ آپ نے فرمایا کہ ان عظیم الشان جلسوں کے انعقاد کا آغاز جرمنی سے ہو گا۔

## ناروے میں جلسہ سالانہ

4۔ 5 اور 6۔ اکتوبر 1996ء کو جماعت احمدیہ ناروے نے اپنا جلسہ سالانہ منعقد کیا۔ حضرت صاحب اس جلسہ میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔

## جماعت احمدیہ گوئٹے مالا کا جلسہ سالانہ

28'29 اور 30۔ جون 1996ء کو جماعت احمدیہ گوئٹے مالا کا ساتواں جلسہ سالانہ بخیر و خوبی منعقد ہوا۔

## جلسہ سالانہ امریکہ

28' 29 اور 30۔ جون 1996ء کو جماعتہائے امریکہ نے اپنا 48واں جلسہ سالانہ بیت الرحمن واشنگٹن میں منعقد کیا اس میں سات ہزار احباب جماعت شریک تھے۔ تینوں دن جلسہ کی کارروائی M.T.A پر دو طرفہ LIVE رابطہ کے ذریعہ دنیا کے طول و عرض پر دیکھی اور سنی گئی۔

## برطانیہ کا جلسہ سالانہ

26' 27 اور 28۔ جولائی 1996ء کو جماعتہائے برطانیہ کا جلسہ سالانہ بے انتہا برکتوں کے ساتھ "اسلام آباد" میں منعقد ہوا۔ یہ جماعت برطانیہ کا 31 واں جلسہ سالانہ تھا۔ اس جلسہ میں 67 ممالک کے 13 ہزار سے زائد احباب شریک ہوئے۔ اس جلسہ سالانہ کے موقع پر تینوں دن حضور نے خطابات سے نوازا۔ "عالمی بیعت" میں 16 لاکھ سے زائد افراد سلسلہ احمدیہ میں شامل ہوئے۔

## 1997ء

## جنوری

10۔ جنوری: حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی طرف سے مخالفین کو چیلنج کہ یہ دعا کریں کہ جو جھوٹا ہے خدا اس پر لعنت ڈالے۔

## فروری

22۔ فروری: نصرت سینیئر سیکنڈری سکول گیمبیا میں سالانہ جلسہ تقسیم انعامات سکول کے 25 سال پورے ہونے پر سلور جوبلی تقریب منائی گئی جس میں وزیر تعلیم نے بھی شرکت کی۔

## مارچ

17۔ مارچ: آسٹریلیا میں برسبین کے مقام پر دوسرے مرکز کا قیام عمل میں آیا۔

21' 22۔ مارچ: حضور انور کے ارشاد پر مجلس انصار اللہ برطانیہ کا خصوصی اجتماع ہوا۔ جس میں دوران سال احمدیت میں شامل ہونے والے انصار' عمر کے اعتبار سے انصاراللہ میں امسال داخل ہونے والے انصار اور ان انصار نے شرکت کی جو کسی سال بھی اجتماعات میں شرکت سے محروم تھے۔ کل حاضری 350 تھی۔

28 تا 31 مارچ: جماعت احمدیہ پاکستان کی 78ویں مجلس شوریٰ منعقد ہوئی حضور نے خطبہ کے ذریعہ پیغام ارشاد فرمایا۔

29۔ 30 مارچ: بورکینا فاسو کا آٹھواں جلسہ سالانہ منعقد ہوا۔ حاضری 1600 تھی۔ حضور نے ایم ٹی اے کے ذریعہ براہ راست خطاب فرمایا۔

## اپریل

4۔ 5 اپریل: جماعت آئیوری کوسٹ کا 16 واں جلسہ سالانہ منعقد ہوا۔ 172 جماعتوں کے

27 دسمبر: روزنامہ الفضل ربوہ نے سالانہ نمبر بعنوان سیرت صحابہ رسول شائع کیا۔
امسال احمدیہ ٹیلی ویژن کی ڈیجیٹل ٹرانسمیشن شروع ہو گئی۔

سیرالیون میں جماعت کی طرف سے آنکھوں کے فری آپریشنز کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس کا ابتدائی ٹارگٹ 100۔ آپریشن ہیں۔

# اِطلاعات و اعلانات

## سانحہ ارتحال

○ مکرم شیخ مامون احمد صاحب زعیم اعلیٰ بیت الاحد علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر فرماتے ہیں۔

محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم پروفیسر قاضی محمد اسلم صاحب مرحوم ایک طویل علالت کے بعد مورخہ یکم جون 2000ء (بروز جمعرات) کو وفات پاگئیں۔ وفات کے وقت مرحومہ کی عمر تقریباً 90 سال تھی۔ گذشتہ 7 سال سے اپنے بڑے صاحبزادے مکرم منصور احمد صاحب سابق سفیر جاپان کے ہاں لاہور میں مقیم تھیں۔

مرحومہ نے اپنے پیچھے دو بیٹے اور تین بیٹیاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ مورخہ 2۔ جون بروز جمعتہ المبارک صبح ساڑھے دس بجے مرحومہ کی رہائش گاہ 8-K ماڈل ٹاؤن لاہور پر محترم چوہدری حمید نصراللہ خان صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں دوستوں نے شرکت کی جس کے بعد احمدیہ قبرستان ماڈل ٹاؤن میں تدفین ہوئی۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور انہیں اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## تقریب رخصتانہ

○ مکرم رضوان احمد صاحب ابن مکرم چوہدری محمد احمد صاحب آف 320-E جوہر ٹاؤن لاہور کا نکاح مورخہ 96-12-24 کو مکرم محمد اشرف صاحب بھٹی معلم وقف جدید نے بمقام شادیوال ضلع گجرات ہمراہ عزیزہ مکرمہ رضوانہ یحیٰی صاحبہ بنت مکرم لیفٹیننٹ کرنل محمد یحیٰی صاحب آف راولپنڈی پڑھا تھا۔ اور اب مورخہ 2000-3-28 کو رخصتانہ کی تقریب عمل میں آئی ہے۔

عزیز رضوان احمد صاحب مکرم ڈاکٹر نور احمد صاحب واقف زندگی آف چک نمبر 146 رکھ برانچ کھیوا ضلع فیصل آباد کا پوتا اور مکرم چوہدری علی احمد صاحب گوندل مرحوم سکنہ شادیوال ضلع گجرات کا نواسہ ہے اور عزیزہ رضوانہ یحیٰی صاحبہ مکرم محمد عبداللہ صاحب مرحوم ساہی آف پٹیالہ ڈسٹرکٹ گجرات کی پوتی اور مکرم چوہدری مختار احمد صاحب آف چک نمبر 22 ضلع پاکپتن کی نواسی ہے۔

احباب جماعت سے اس رشتہ کے ہر جہت سے بابرکت ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

## نکاح

○ محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب حال امریکہ کے پوتے مکرم شیخ نور احمد صاحب (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ) ابن مکرم شیخ منور احمد صاحب مرحوم مقیم اتاترک بلاک گارڈن ٹاؤن لاہور کا نکاح ہمراہ محترمہ نداء نصیر صاحبہ بنت مکرم نصیر محمد خان صاحب بجق مہر ایک لاکھ پچاس ہزار روپے محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد نے 12۔ مئی 2000ء کو ماڈل ٹاؤن لاہور میں پڑھا۔

عزیزہ نداء نصیر صاحبہ محترم ڈاکٹر محمد خان صاحب آف عدن کی پوتی اور مکرم راجہ غلام مصطفٰے صاحب مرحوم آف کھاریاں کی نواسی ہیں۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ رشتہ جانبین کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

## درخواست دعا

○ مکرم کلیم احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ جو گذشتہ سال ٹریفک کے حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے تھے۔ آج کل بغرض علاج پشاور گئے ہوئے ہیں اطلاع دیتے ہیں کہ ان کا فزیو تھراپی کا علاج اور ساتھ ساتھ عارضی مصنوعی ٹانگ لگا کر چلنے کی مشق بھی کروائی جا رہی ہے۔ تمام احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے انہیں شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

## ضرورت محررین

○ تحریک جدید کو محررین درجہ دوم اور انسپکٹران کی آسامیوں کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہش مند احباب اپنی درخواستیں 15۔ جون 2000ء تک صدر صاحبان/امراء اضلاع کی تصدیق کے ساتھ وکالت دیوان تحریک جدید کو ارسال فرمائیں۔ امیدوار کا کم از کم میٹرک فرسٹ ڈویژن ہونا لازمی ہے۔ ایف اے بی اے بھی درخواستیں دے سکتے ہیں۔

(نوٹ درخواست اپنے ہاتھ سے لکھی ہونی ضروری ہے سندات کی فوٹو کاپی درخواست کے ہمراہ ہو)

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان۔

# عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

### خفیہ سفارتی کوششوں کی تردید

امریکہ نے مسئلہ کشمیر کے حل کی لئے خفیہ سفارتی کوششوں کو سپانسر کرنے کی تردید کر دی ہے۔ امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان فلپ ریکر نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے بارے میں امریکی سوچ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ ہم ثالثی کا کردار ادا نہیں کریں گے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ کسی بھی ثالث کا متحرک کردار وزنی ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لئے ہم فریقین کی حوصلہ افزائی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

### یونان میں برطانوی ملٹری اتاشی قتل

یونان میں برطانوی سفارت خانے کے ملٹری اتاشی کو دو مسلح افراد نے گولی مار کر ہلاک کر دیا پولیس نے اسے دہشت گردی کی کارروائی قرار دیا ہے۔ بریگیڈیئر سٹیفن ساؤنڈرز دارالحکومت ایتھنز کے مضافات میں کار پر جا رہے تھے ایک موٹر سائیکل پر سوار دو افراد نے ان پر گولیاں چلادیں۔

### طالبان پر مزید پابندیاں

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے طالبان پر مزید پابندیاں لگانے پر غور کیا ہے۔ بی بی سی کے مطابق کونسل کے ارکان کے خیال میں طالبان حکومت دہشت گردی کی حمایت کرتی ہے اب ہتھیاروں کی فراہمی اور طالبان حکام کے بیرونی سفر پر پابندی عائد کی جائے گی۔

### اسرائیلی وزیراعظم کو شکست

اسرائیل کے وزیراعظم ایہود بارک کو پارلیمنٹ میں شکست ہو گئی۔ اسرائیلی پارلیمنٹ نے نئے انتخابات کی منظوری دے دی۔ ارکان پارلیمنٹ کی اکثریت اور اسرائیلی وزیراعظم کی کابینہ کے 6 وزراء نے بھی ملک میں نئے انتخابات کرانے کے حق میں ووٹ دے دیا۔ اخبارات نے لکھا ہے کہ ایہود بارک حکومت کا باب ختم ہو گیا۔ یہ شکست شرمناک ہے۔ ایہود بارک نے مخلوط حکومت بنانے کی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم کا کہنا ہے کہ وہ انتخابات نہیں کروائیں گے۔ جن وزراء نے اس بل کے حق میں ووٹ دیا ہے وہ خود بخود اپنے عہدوں سے سبکدوش ہو جائیں گے۔

### اسرائیل فلسطین خفیہ مذاکرات

اسرائیل اور فلسطین کے درمیان خفیہ مذاکرات کا انکشاف ہوا ہے۔ کئی ہفتوں سے جاری شدہ مذاکرات اگلے ہفتے دوبارہ امریکہ میں شروع ہونگے۔

### ابوچی کی آخری رسومات

جاپان کے آنجہانی وزیراعظم کیزو ابوچی کی آخری رسومات میں دنیا بھر کے عالمی لیڈروں نے شرکت کی۔ آنجہانی وزیراعظم کے سوگ میں سارا جاپان چند منٹ کیلئے خاموش ہو گیا۔

### راکٹ شکن لیزر ہتھیاروں کی تیاری

امریکہ نے راکٹ شکن لیزر ہتھیاروں کی تیاری شروع کر دی ہے۔ نیا لیزر ہتھیار راکٹ کو چھوڑنے کے تھوڑی دیر بعد اسے فضا ہی میں تباہ کر دے گا۔ وائس آف امریکہ نے بتایا ہے کہ اسکی تیاری اور کامیاب آزمائش میں سات برس لگ سکتے ہیں۔

### نوبل انعام یافتہ کو سزائے موت کا خطرہ

برما کی نوبل انعام یافتہ خاتون اور مشہور اپوزیشن لیڈر مسز آنگ سانگ سوچی اور ان کے حامیوں کو کالعدم باغی گروپوں سے مراسم رکھنے پر سزائے موت یا عمر قید ہو سکتی ہے۔ حکومت کے اخبار مرر ڈیلی نے الزامات لگائے ہیں کہ سوچی نے بیرونی مدد اور سرمایہ کاری میں رکاوٹیں پیدا کی ہیں اور وہ ملک کو تقسیم کرنا چاہتی ہیں۔

### فجی کی رکنیت معطل ہونے پر خوشی

بھارت نے دولت مشترکہ سے فجی کی رکنیت معطل کئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے۔ دو ہفتے قبل ایک مسلح باغی گروپ نے حکومت کا تختہ الٹ کر وزیراعظم اور ان کے ساتھیوں کو یرغمال بنالیا تھا۔

### سیرالیون میں سرکاری فوج کی کامیابی

سیرالیون میں حکومت مخالف باغیوں اور سرکاری فوج کے درمیان تازہ لڑائی میں فوج نے باغیوں کے زیر کنٹرول علاقے میں ایک قصبے پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ قصبہ باغیوں کیلئے بین الاقوامی امداد کی فراہمی کیلئے پل کا کردار ادا کرتا تھا۔

### پچاس برس میں آبادی نو ارب

خیال ہے کہ اس صدی کے نصف تک دنیا کی آبادی جو اس وقت 6۔ ارب ہے' نو ارب ہو جائے گی۔ اس وقت دنیا کی بڑی آبادی کے ممالک یہ ہیں۔ چین ایک ارب دو کروڑ' بھارت ایک ارب' امریکہ 27 کروڑ 50 لاکھ اور انڈونیشیا 21 کروڑ 20 لاکھ۔

### شمالی بھارت میں شدید بارش

بھارت کی شمال مشرقی ریاستوں میں لگاتار بارشوں نے تباہی پھیلادی ہے۔ کیرالہ میں کم از کم 15۔ افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔

# ملکی خبریں
## قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ: 9 جون۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 24 درجے سنٹی گریڈ
زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 درجے سنٹی گریڈ
ہفتہ 10۔جون۔ غروب آفتاب۔ 7-16
اتوار 11۔جون۔ طلوع فجر۔ 3-20
اتوار 11۔جون۔ طلوع آفتاب 5-00

### ہڑتالی آئل ٹینکروں پر قبضہ کرلیا جائے گا

وزیر داخلہ کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ ہڑتالی آئل ٹینکروں پر قبضہ کرلیا جائے گا۔ فوجی ڈرائیور ٹینکر چلائیں گے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ تاجروں کو سروے سے پہلے اعتماد میں لیا گیا تھا۔ بے شک 5 برس تک دکانیں بند کرلیں کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ حکومت نہ زبردستی دکانیں کھلوائے گی نہ بند کرنے دے گی۔ سروے فارم جمع کرانے کی تاریخ 30۔ دسمبر تک ہے۔ ضرورت پڑی تو اس میں مزید توسیع کردی جائے گی۔ تیل کی سپلائی کے سلسلے میں ریلوے اور نیشنل لاجسٹک سیل اور وزارت پٹرولیم کو بھی اقدامات کی ہدایت کردی گئی ہے۔ قلت نہیں ہونے دیں گے۔ تاجر دراصل اپنے اثاثے اور آمدن ظاہر کرنے پر تیار نہیں۔

### ٹرانسپورٹروں کی ہڑتال کی دھمکی

آل پاکستان سپریم کونسل آف ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ اگر حکومت نے مطالبات نہ مانے تو کل بہرحال ہڑتال ہوگی۔ ٹیکس اینٹی سکیم قبول نہیں کریں گے۔ ہڑتال پر حکومت نے لیڈر پکڑے تو دمادم مست قلندر کردیں گے۔

### سروے فارم وصول کرنے والا تاجر جاں بحق

سروے فارم وصول کرکے گھر آنے والا تاجر جاں بحق ہوگیا۔ اس نے اڑھائی مرلے میں دکان بنا رکھی تھی۔ زنجیروں کا کام کرتا تھا۔ 8 بچے ہیں۔ سروے ٹیم فوراً چلی گئی۔ فوجی حکام نے معاملہ ٹھنڈا کردیا۔ گوجرانوالہ شہر کی حافظ آباد روڈ پر واقع گلی مہروزیر باغبانپورہ کے رہنے والے مولوی عبدالجبار نے کہا کہ میری آمدنی اتنی نہیں ہے۔ فارم نہیں لوں گا۔ لیکن ٹیم نے زبردستی فارم دے دیا۔

### جنرل مشرف مذاکرات نہیں کریں گے

تاجروں کے مسئلے پر حکومت نے ایک بار پھر سخت موقف اختیار کیا ہے۔ سیکرٹری داخلہ نے بتایا ہے کہ جنرل مشرف تاجروں سے مذاکرات نہیں کریں گے۔ تاجروں کی طرف سے چیف ایگزیکٹو سے براہ راست مذاکرات کا مطالبہ ناقابل عمل ہے۔

### تاجروں میں اختلافات

لاہور کے تاجروں میں ہڑتال کے مسئلے پر اختلافات پیدا ہوگئے ہیں جس کی وجہ سے دوپہر کے بعد شٹر کھل گئے۔ سرکلر روڈ، میڈیسن مارکیٹ، لوہاری، نیو انارکلی، پرانی انارکلی، اچھرہ اور گوالمنڈی کی تاجر برادری دو حصوں میں بٹ گئی۔ سینکڑوں دکانیں کھل گئیں۔ مکمل شٹر ڈاؤن والی مارکیٹوں میں بھی سہ پہر چار بجے کے بعد تاجروں نے آدھے شٹر اٹھا کر کاروبار شروع کردیا۔

### ساڑھے چھ کروڑ ادا کرنے پر رضامندی

نیب کے زیر حراست متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما فاروق ستار اور نواب اسد خان آف کالاباغ نے اپنے ذمہ واجب الادا رقوم عدالتی گارنٹی پر سرکاری خزانے میں جمع کرانے کی پیشکش کردی ہے۔ فاروق ستار اپنے ذمے 3 کروڑ 48 لاکھ کی رقم ادا کریں گے۔ جبکہ نواب اسد آف کالاباغ اپنے حصے کی رقم 3 کروڑ کا نصف ایک ہفتے میں جبکہ باقی رقم ایک سال میں ادا کریں گے۔

### تاجر نے کوئی کال نہیں سنی

موبائل فون کی کمپنی انسٹا فون کے ریکارڈ سے ثابت ہوگیا ہے کہ اسلام آباد کے خودکشی کرنے والے تاجر عبدالرحمان بیگا نے خودکشی سے فوراً پہلے کوئی فون کال نہیں سنی تھی۔ اس طرح واپڈا کے عینی گواہ کا دعویٰ غلط ثابت ہوگیا۔

### حکومت تاجر مذاکرات

وفاقی وزیر خزانہ کی سربراہی میں بننے والی اعلیٰ سطحی کمیٹی جس میں وزیر داخلہ، وزیر تجارت، چیف ایگزیکٹو کے پرنسپل سیکرٹری طارق عزیز اور چیف آف جنرل سٹاف جنرل عزیز شامل ہیں تاجروں سے مذاکرات کریں گی۔ اس کے علاوہ گورنروں کی سطح پر پہلے راؤنڈ میں مذاکرات ہونگے۔

### پشاور میں تاجروں کے جلوس پر لاٹھی چارج

پشاور میں تاجروں کے جلوس پر پولیس نے پھر لاٹھی چارج کیا اور شیلنگ کی۔ تاجروں نے اندر خانے کاروبار شروع کردیا۔ تاجروں نے سروے ٹیمیں آتے ہی دکانیں بند کردیں اور احتجاجی جلوس نکالے پھر ٹائر جلا کر ٹریفک بلاک کردی۔ تاجروں نے پولیس پر پتھراؤ کیا۔ شیلنگ کے گولے رہائشی علاقوں میں بھی گرے جس سے خواتین اور بچے بھی متاثر ہوئے۔

### آئی جی اور ڈی جی ایف آئی اے کا باہمی تبادلہ

آصف حیات کو پنجاب کا آئی جی مقرر کردیا گیا ہے۔ 12۔ اکتوبر کی رات میجر مشتاق کی گرفتاری کے بعد وہ ڈی جی ایف آئی اے بنائے گئے تھے۔ انکی خالی جگہ پر موجودہ آئی جی پنجاب رفیق حیدر کو ایف آئی اے کا سربراہ بنادیا گیا ہے۔

### ہیلی کاپٹر ریفرنس روزانہ سماعت

نواز شریف کے خلاف اٹک قلعہ میں ہیلی کاپٹر ریفرنس کی سماعت اب روزانہ ہوا کرے گی۔ اس قلعہ میں موجود خصوصی عدالت نے 2 جون کو نواز شریف اور سیف الرحمان پر فرد جرم عائد کی تھی۔

### نسیم حسن شاہ کو تختہ دار پر لٹکایا جائے

مولانا عبدالحفیظ مکی، ضیاء القاسمی اور دیگر علماء نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس نسیم حسن شاہ واجب القتل ہیں۔ انہیں تختہ دار پر لٹکایا جائے۔ گستاخان رسول کو سزا دلوانے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ سزا نہ دی گئی تو خود نمٹ لیں گے۔


**زرعی رقبہ برائے فروخت**

108 ایکڑ ٹیوب ویل۔ نہری پانی برلب پختہ سڑک

برائے رابطہ 04524 - 212876, 211248

**العطاء جیولرز**

DT-145-C کری روڈ
ٹرانسفارمر چوک راولپنڈی
پروپرائیٹر۔ طاہر محمود
☎ 844986

آپکی اپنی ایجنسی

**فرینڈز اسٹیٹ ایجنسی**

زرعی وسکنی اراضی کی خرید و فروخت کیلئے
23۔ بلال مارکیٹ۔ نزد ریلوے پھاٹک اقصیٰ روڈ ربوہ
پروپرائٹر: ناصر الدین اینڈ کمپنی
فون دفتر 213078 رہائش 211573

**معیاری ہومیوپیتھک ادویات**

جرمن سیل بند و کھلی پوٹینسیاں، مدر ٹنکچرز، بائیوکیمک ادویات، گولیاں ٹکیاں، شوگر آف ملک، خالی ڈبیاں اور ڈراپر ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں۔ نیز 117 ادویات کا دیدہ زیب بریف کیس دستیاب ہے۔

**کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل ربوہ۔ پاکستان**

فون نمبر کلینک 771 ۔ ہیڈ آفس 213156

**ٹیکس سروے اور اس سے متعلق قانونی مسائل پر بلا معاوضہ قانونی مشورے کے لئے**

رابطہ فون نمبر: 7350104
وقت رات 8:00 بجے تا 11:00 بجے
اثمار لاء ایسوسی ایٹس 4۔ لنک فرید کورٹ روڈ نزد دفتر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن لاہور۔

CPL 61